صاحب مدظلہ کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ تلاوت قران مجید کے بعد نائب مہتمم حضرت مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ نے مہمانوں کو خوش آمدید کہا اور شوریٰ کے اغراض و مقاصد اور ایجنڈا پیش کیا۔ بعد میں باضابطہ طور پر حضرت مولانا سمیع الحق مدظلہ مہتمم جامعہ نے سال ۳۶۔۱۴۳۵ھ کے آمد وخرچ کا تفصیلی میزانیہ پیش کرتے ہوئے جامعہ حقانیہ کے ملکی، ملی و دینی خدمات پر سیر حاصل روشنی ڈالی اور ادارہ ہذا کی قبولیت عامہ، روزافزوں ترقی کو اللہ کا خصوصی انعام اور جامعہ کے بانی اور اسکے مخلص ساتھیوں اور معاونین کا عظیم کارنامہ قرار دیا۔

سال گزشتہ کے آمد اور اخراجات کے بعد سال ۱۴۳۷ھ کیلئے مطلوبہ بجٹ جو کہ سال کے لازمی اور روزمرہ کے اخراجات پر مشتمل تھا، شوریٰ کے سامنے پیش فرمایا۔ اس کے علاوہ ادارہ کے بعض اہم ترین اور فوری نوعیت کے عزائم و منصوبے اراکین شوریٰ کو متوجہ فرمایا۔ اراکین شوریٰ نے دارالعلوم حقانیہ کے کارہائے نمایاں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اپنے بہترین آراء و تجاویز سے ادارہ کے منتظمین کو نوازا۔ اس عزم کا اظہار فرمایا کہ حقانیہ کی مزید ترقی و استحکام کیلئے ہم ایک بار پھر حضرت شیخ الحدیثؒ کے مخلص رفقاء کا کردار ادا کرنے کی کوشش کریں گے۔ شوریٰ نے سالانہ بجٹ کے منظوری کیساتھ آئندہ عزائم کے ابتدائی اخراجات کے طور پر منظوری توکلاً علی اللہ بامید آمد اس یقین کیساتھ دی کہ اللہ تعالیٰ اہل خیر کے ذریعہ اسکے مہیا کرنے کی صورتیں پیدا فرماویں گے۔ بعد میں مہمانوں کی ضیافت کیلئے ظہرانے کا انتظام کیا گیا۔

حضرت مہتمم صاحب کے اسفار

☆ ۱۰۔ اپریل کو حضرت مہتمم صاحب نے حضرو میں مدرسہ تعلیم القرآن میں جلسہ دستار بندی وختم بخاری شریف سے خطاب فرمایا۔

☆ ۲۰۔ اپریل کو مہتمم صاحب نے جامعہ سراجیہ راولپنڈی میں علماء وطلباء سے خطاب فرمایا، اسی دن مولانا پیر نقیب الرحمٰن سجادہ نشین عیدگاہ شریف سے ملاقات کی۔

☆ ۲۷۔ اپریل کو مدرسہ خیر المدارس پار ہوتی مردان میں جلسہ دستار بندی وختم بخاری سے خطاب فرمایا اور شہباز گڑھی مردان میں مولانا مفتی سجاد حجابی کے ذاتی مکتبہ کا دورہ کیا اور اُسی روز جامعہ قاسمیہ مہاجر کیمپ اکوڑہ خٹک میں مفتیان کرام کی دستار بندی سے بھی خطاب فرمایا۔

☆ ۲۸۔ اپریل کو دارالعلوم حنفیہ چکوال میں خدماتِ عبدالرحمٰن قاسمی کانفرنس میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی اور تفصیلی خطاب فرمایا۔

☆ یکم مئی کو موضع کاہی نظام پور میں جلسہ دستار بندی سے خطاب فرمایا۔

☆ ۲ مئی کو دارالعلوم مدنیہ ڈسکہ سیالکوٹ میں درس بخاری اور استحکام پاکستان اور مدارس دینیہ کانفرنس